Ref:220906

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ہفتہ وار اجتماع میں ذکر اللہ کرنے سے متعلق شرعی رہنمائی

- ذکر کرتے ہوئے **تلفظ کا درست ہونا ضروری** ہے۔ بالخصوص **اِلٰہ** اور **اللہ** کی "ہ" کو توجہ سے ادا کیا جائے، بعض اوقات جوش میں "**اِلَّا اللہ**" کی بجائے معاذ اللہ "**الا اللا**" اور **اللہ** کی بجائے "**الا**" سنائی دیتا ہے، اس پر توجہ دینا ضروری ہے۔
- اجتماعی طور پر ذکر کرتے ہوئے جہاں الف آتا ہے یا جتنی الف کی مقدار لمبی کرنی ہوتی ہے، وہاں کم از کم اتنا لمبا کرنا ضروری ہے کہ حرف پر حرکت ہونے اور نہ ہونے کے اعتبار سے فرق ہو جائے۔ جیسے "**اللہ**" میں "لام" کو لمبا کرنا ضروری ہے کہ واضح ہو کہ یہاں **زبر نہیں بلکہ کھڑا زبر** ہے۔ اسے بعض اوقات بغیر لمبا کئے پڑھ دیا جاتا ہے، ایسا ہرگز نہ کیا جائے۔ (بحوالہ: افتاء مکتب فیصل آباد)

کلمے کے بعد دُرود شریف پڑھنے کا طریقہ

- دورانِ ذکر جب 3 بار **کلمہ شریف** پڑھنے کے بعد **دُرود شریف** پڑھا جاتا ہے تو یوں پڑھا جائے "صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ"۔

Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)

شعبہ تنظیمی اپڈیٹس

پاکستان مشاورت آفس

9 صفر المظفر 1444ھ / 06 ستمبر 2022ء